سبق:14

ایکتا

وہ پورب ہو یا پچھّم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

ہر بیج خزانہ ہوتا ہے

ہر مٹّی سونا ہوتی ہے

ہر ساگر اَمرت ساگر ہے

ہر سیپ کے دِل میں موتی ہے

بکھرے ہوئے تارے لاکھ سہی پر ان کی چمک تو ایک سی ہے

وہ پورب ہو یا پچھّم ہو پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

سب ایک گگن کے متوالے
سب ایک ہی زمیں کے پالے ہیں
سب ایک ہی سورج کی کرنیں
سب ایک ہی چاند کے ہالے ہیں
وہ اُتر ہو یا دکھن ہو، ست رنگ دھنک تو ایک سی ہے
وہ پورب ہو یا پچھم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے
سُکھ ہو تو دِل کھل جاتے ہیں
دُکھ ہو تو آنکھ بھر آتی ہے
دُکھ سکھ کی دنیا ایک ہی ہے
تفریق دھری رہ جاتی ہے
پودے تو ہزاروں ہوتے ہیں، ٹہنی کی لچک تو ایک سی ہے
وہ پورب ہو یا پچھم ہو، پھولوں کی مہک تو ایک سی ہے

(شاذ تمکنت)

1. پڑھیے اور سمجھیے :

لفظ		معنیٰ
ایکتا	:	میل جول، اتحاد
ساگر	:	سمندر
اَمرت	:	وہ پانی جس کو پی کر انسان امر ہو جاتا ہے، آبِ حیات
گگن	:	آسمان
سیپ	:	ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں
متوالے	:	مست، مدہوش
ست رنگ	:	سات رنگ
دھنک	:	قوس قزح سات رنگوں والی کمان جو بارش کے دنوں میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے
آنکھ بھر آنا	:	آنکھوں میں آنسو آجانا
تفریق	:	فرق، بھید

2. غور کیجیے

اُردو ایک میٹھی زبان ہے۔ یہ اس لئے میٹھی ہے کہ اس کے الفاظ بولنے میں آسان اور سننے میں بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ اردو کئی زبانوں سے مل کر بنی ہے۔ اس میں عربی، فارسی اور ہندی کے الفاظ ہیں۔ ہندی کے ایسے بہت سے لفظ جیسے پورب، پچھم، ساگر، امرت، گگن، اتر، دکھن، سکھ، دُکھ وغیرہ۔ آپ نظم ''ایکتا'' میں پڑھ چکے ہیں ان الفاظ میں جو مٹھاس ہے وہی مٹھاس اس کے معنی میں مٹھاس موجود ہے۔

اس نظم میں شاعر نے ایکتا کا سبق دیا ہے اور پوب، پچھم کی مثال دے کر سمجھایا ہے کہ یہ دونوں الگ الگ ہیں مگر ان کے پھولوں کی خوشبو میں کوئی فرق نہیں یعنی سارے پھول خوشبودار ہوتے ہیں۔ پورب، پچھم کی مثال اس لئے دی گئی ہے کہ یہ دونوں دنیا کے دو کونے ہیں اس لئے بہت دور ہیں مگر دور ہونے کے باوجود ان کی خوشبو میں کوئی فرق نہیں۔ اسی طرح ساری دنیا کے ہر انسان چاہے وہ کسی بھی جگہ رہتے ہیں ایکتا کے بندھن میں بندھے ہوتے ہیں۔

سوچیے اور بتایے

1. ہر بیج کو خزانہ کیوں کہا گیا ہے؟

2. ''سب ایک زمین کے پالے ہیں'' سے کیا مراد ہے؟

3. چاروں سمتوں کے نام کیا ہیں؟

صحیح لفظ چُن کر مصرعہ مکمل کیجیے

سونا دھری موتی سورج ہالے

1. ہر سیپ کے دل میں ...... ہے
2. سب ایک ہی چاند کے ...... ہیں
3. ہر مٹی ...... ہوتی ہے
4. تفریق ...... رہ جاتی ہے

نیچے چند الفاظ دیے گئے ہیں جن کا املا غلط ہے ان کا درست املا سامنے دیے گئے خانے میں لکھیے

محک		کھزانہ		شونا	
شاگر		موطی		جمین	
تفریک		آنک		ہجاروں	
سُرج		فولوں		دکھن	

درج ذیل الفاظ سے جملے بنایے۔

خزانہ مٹی چاند دُکھ سُکھ

موتی سیپ سورج ٹہنی